© rasailojaraid.com



دار الافتاء

شیخ الحدیث حافظ ثناء اللہ مدنی
جامعہ لاہور الاسلامیہ (رحمانیہ)

- سرخ یا ناسی کلر کا خضاب لگانا
- گروی مکان سے استفادہ؟
- قرآن پڑھ کر دَم کرنا اور دم کی شرائط
- قرآنی تعویذ کی شرعی حیثیت
- مدرسہ کی عمارت میں جمعہ وعیدین پڑھنے کا حکم
- مسجد ڈھا کر دوسری جگہ تعمیر کرنا
- غصب شدہ زمین میں نماز اور بے وضو امام کے پیچھے نماز؟

**سوال:** میرا تعلق ازبکستان سے ہے۔ افغانستان کے راستے پاکستان آتے ہوئے میرا شوہر افغانستان میں پکڑا گیا تھا۔ اب چار سال سے زائد عرصہ گزر چکا ہے اور اس کی کوئی خبر نہیں کہ زندہ ہے یا فوت ہو چکا ہے۔ افغانستان کے احوال آپ سے مخفی نہیں۔ میرے تین بچے ہیں جن کی کفالت میرے لئے انتہائی دشوار ہے۔ کیا میرے لئے شادی کرنا جائز ہے، تا کہ مجھے اور میرے بچوں کو سہارا مل سکے؟ (خاتون بانو)

**جواب:** مذکورہ بالا صورت میں عورت اپنے حالات کے پیشِ نظر دوسری جگہ نکاح کرسکتی ہے۔ دوسرے نکاح کے بعد اگر پہلا شوہر آجائے تو وہ اس کا زیادہ حقدار ہے۔ ہاں البتہ اگر وہ اپنے حق سے دست بردار ہو جائے تو دوسرے کی زوجیت میں باقی رہے گی۔

(تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو: التلخیص الحبیر)

**سوال:** کیا بالوں پر سرخ یا ناسی کلر (Brown Colour) کا خضاب لگانا جائز ہے؟ نیز کالا خضاب کن حالتوں میں لگایا جاسکتا ہے؟ (محمد ایوب پٹھان، بدین)

**جواب:** احادیث میں صرف کالے خضاب کی ممانعت ہے۔ اس کے علاوہ جملہ رنگ استعمال کئے جاسکتے ہیں۔ تاہم بعض علمانے جہاد کی حالت میں سیاہ خضاب کی اجازت دی ہے اور بعض نے مطلقاً رخصت بھی دی ہے۔ سلف میں سے سعد بن ابی وقاصؓ، عقبہ بن عامرؓ، حسنؓ، حسینؓ، جریرؓ وغیرہ رخصت کے قائل ہیں۔ ابن ابی عاصم نے کتاب الخضاب میں اسی مسلک کو اختیار کیا ہے۔



© rasailojaraid.com